PAPER CODE-5201

1st Annual 2024 نہم کلاس

اسلامیات اختیاری — وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا — حصہ معروضی — کل نمبر=15

Dak-I-2024

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1:

1- قرآن کا معنی ہے۔
(A) پڑھنا (B) لکھنا (C) سننا (D) بولنا

2- طلاق کا تعلق ہے۔
(A) عبادت (B) اخلاقیات (C) معاملات (D) عقائد

3- "لَا" کا معنی ہے۔
(A) ہاں (B) جب (C) نہیں (D) اب

4- لفظ "اللّٰہ" ہے۔
(A) اسم ذات (B) اسم صفت (C) اسم ضمیر (D) اسم نکرہ

5- سِرَاجاً مُّنِیْراً کس کی صفت ہے؟
(A) حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی
(B) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی
(C) حضرت اسحاق علیہ السلام کی
(D) حضرت یعقوب علیہ السلام کی

6- صحیح معنوں میں انسان کہلانے کے اہل ہے۔
(A) والدین کی عزت کرنے والا (B) استاد کا احترام کرنے والا (C) دوسروں کو نفع پہنچانے والا (D) خیرات کرنے والا

7- منافق کی نشانیاں ہیں۔
(A) 2 (B) 3 (C) 5 (D) 7

8- "آدم ثانی" کہا جاتا ہے۔
(A) حضرت آدم علیہ السلام کو
(B) حضرت نوح علیہ السلام کو
(C) حضرت شیث علیہ السلام کو
(D) حضرت ابراہیم علیہ السلام کو

9- نمرود بادشاہ تھا۔
(A) فلسطین کا (B) روم کا (C) ایران کا (D) عراق کا

10- فرعون کی بیوی کو قرآن نے کہا ہے۔
(A) مومنہ (B) کافرہ (C) متقیہ (D) فاجرہ

11- حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عمر پائی
(A) 100 سال (B) 120 سال (C) 140 سال (D) 160 سال

12- بنوہاشم کی نظر بندی ———— کی کوششوں سے ختم ہوئی۔
(A) حضرت ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(B) حضرت حمزہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(C) ہشام بن عمرو
(D) حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

13- آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا نام "محمد" رکھا۔
(A) جناب ابوطالب نے
(B) جناب عباس نے
(C) جناب عبدالمطلب نے
(D) جناب حمزہ نے

14- قبیلوں اور ممالک کے نام ہیں۔
(A) مؤنث (B) مؤنث لفظی (C) مؤنث معنوی (D) مذکر

15- جمع کی اقسام ہیں۔
(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

ParhloPakistan.com

لامیات اختیاری — حصہ انشائیہ — وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : پہلا — حصہ اول — کل نمبر= 60

**سوال نمبر: 2** درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | تَعَوُّذ سے کیا مراد ہے ؟ وضاحت کیجئے۔ | ii | تلاوت قرآن پاک کے دو آداب تحریر کیجئے۔ |
| iii | "امر" سے کیا مراد ہے ؟ | iv | ترجمہ کیجئے۔ رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللهِ |
| v | ہدایت اور راہ نمائی کا مفہوم لکھیے۔ | vi | حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کے کافروں کے بارے میں کیا دعا کی ؟ |
| vii | حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شیر خوارگی میں لوگوں سے کیا کہا ؟ | viii | اسم نکرہ میں تبدیل کیجئے۔ اَلرَّجُلُ - اَلْاَسَدُ |

**سوال نمبر: 3** درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے ؟ | ii | تُعِزُّ ، تَشَآءُ کے معانی لکھیے۔ |
| iii | اسلام میں "صَوْمٌ" کسے کہتے ہیں ؟ | iv | منافق کی تین نشانیاں لکھیے۔ |
| v | تکمیل فریضہ رسالت کے کتنے دور ہیں ؟ ان کے نام لکھیے۔ | vi | کوہ صفاء پر کھڑے ہو کر آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کیا اعلان فرمایا ؟ |
| vii | حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دو معجزات کے نام لکھیے۔ | viii | میثاق مدینہ کی وضاحت کیجئے۔ |

**سوال نمبر: 4** درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | کفار کی طرف سے روگردانی کی صورت میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو کیا نصیحت کی گئی ہے ؟ | ii | رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی صفت سِرَاجٌ مُّنِيْرٌ کی وضاحت کیجئے۔ |
| iii | حیاء کی مدد سے ہم اپنا کردار کیسے بہتر بنا سکتے ہیں ؟ | iv | بوڑھے افراد کس وجہ سے احترام کے مستحق ہیں ؟ |
| v | اہل عرب اپنی بت پرستی کے بارے میں کیا کہتے تھے ؟ | vi | حلف الفضول کے بارے میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کیا فرمایا کرتے تھے ؟ |
| vii | انسانی اخلاق میں سب سے کمیاب چیز کون سی ہے ؟ | viii | رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے عزم و استقلال سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟ |

## ( حصہ دوم )

**سوال نمبر: 5** درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5+5

(الف) هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○

(ب) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

(ج) وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ○

**سوال نمبر: 6** درج ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5

(الف) اٰيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ اِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ ، وَاِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ، وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ (ب) خَيْرُ النَّاسِ مَنْ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ

**سوال نمبر: 7** درج ذیل اجزاء میں سے کسی دو کا جواب تحریر کیجئے۔ 5+5

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت حق کے جواب میں فرعون اور اس کی قوم کا کیا رد عمل آیا ؟

(ب) میثاق مدینہ کس کے درمیان طے ہوا اور اس کے چند اہم پہلو کیا ہیں ؟

(ج) حضور پاک خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سادگی اور بے تکلفی کیسی تھی ؟ اس سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے ؟

**سوال نمبر: 8** مذکر کی تعریف لکھیے اور عربی میں تین مثالیں دیجئے۔ 5

یا

مفرد کی تعریف لکھیے اور عربی میں تین مثالیں دیجئے۔



ParhloPakistan.com